بسم اللہ الرحمن الرحیم

نابالغ بچی کا سونا جو صرف وہی پہن سکتی ہے اس پر زکوٰۃ کا حکم؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

نابالغ بچی کا وہ سونا جو صرف وہی پہن سکتی ہے جیسے چھوٹی چوڑیاں، چھوٹی انگوٹھی، کیا اس پر زکوٰۃ ہوگی؟ نیز اگر یہ چوڑیاں یا انگوٹھی بڑے سائز کی ہوں، تو پھر زکوٰۃ کا کیا حکم ہوگا؟

جواب

سائز کے بڑے چھوٹے ہونے سے زکوٰۃ کے حکم پر فرق نہیں پڑتا، البتہ جو سونا نابالغہ بچی کی ملک ہے، اس پر زکوٰۃ فرض نہیں چاہے وہ چھوٹے سائز کا ہو یا بڑے سائز کا، اور جو سونا بچی کی ملک نہیں مثلاً والدہ نے اپنی سونے کی کوئی چیز اسے شادی پر دینے کی نیت سے رکھی ہوئی ہے لیکن ابھی تک اس کی ملکیت میں دی نہیں ہے تو ایسا بڑا یا چھوٹا سونا والدہ کا ہی کہلائے گا اور شرائط پائی جانے کی صورت میں والدہ پر اس کی زکوٰۃ لازم ہوگی۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2497

تاریخ اجراء: 10 ربیع الآخر 1447ھ/04 اکتوبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net